© rasailojaraid.com

استفادہ وعقیدت کا تعلق رکھنے والے بیسیوں اہل قلم کے تاثرات، مختلف عنوانات پر مولانا کی تحریریں، ان کے نام اکابر کے خطوط اور تحریروں کے عکسی نمونے جمع کر دیے گئے ہیں۔

خالصتاً عقیدت کی نگاہ سے مطالعہ کرنے والے قارئین کا معاملہ الگ ہے، لیکن سوانحی لٹریچر سے دلچسپی رکھنے والا ایک عام باذوق قاری مولانا مرحوم جیسی شخصیت پر تیرہ سو سے زائد صفحات کے اس خصوصی نمبر کی تیاری میں جس درجے کی محنت اور فنی مہارت کی توقع کر سکتا ہے، وہ نمایاں طور پر مفقود ہے۔ مشمولہ تحریرات کا بیشتر حصہ مولانا کی وفات پر اخبارات وجرائد میں شائع ہونے والے یا متنسبین سے خصوصی طور پر لکھوائے گئے متفرق اور جزوی نوعیت کے تاثرات پر مشتمل ہے جو کسی طرح بھی مولانا کی شخصیت، سوانح اور خدمات کے اہم پہلوؤں پر مستقل اور مفصل مضامین کا بدل نہیں ہو سکتے۔ مواد کے 'انتخاب' اور ترتیب وپیشکش کے پہلوؤں سے بھی یہ خصوصی اشاعت زیادہ قابل اطمینان نہیں ہے۔

اس ضخیم اشاعت کی رعایتی قیمت ۳۰۰ روپے مقرر کی گئی ہے اور اسے دفتر ماہنامہ حق چار یار، متصل جامع مسجد میاں برکت علی، ذیلدار روڈ، اچھرہ لاہور سے طلب کیا جا سکتا ہے۔

## ''بھینس کی قربانی''

قرآن مجید میں قربانی کا حکم دیتے ہوئے ''بہیمۃ الانعام'' یعنی چوپایوں میں سے بہیمہ قسم کے جانوروں کو ذبح کرنے کا حکم دیا گیا ہے، جن میں اونٹ، گائے اور بکری شامل ہیں۔ فقہی روایت میں بھینس کو بھی گائے ہی کی ایک نوع شمار کر کے اس کی قربانی کو جائز تسلیم کیا گیا ہے، تاہم اہل حدیث مکتبہ فکر کے بعض اہل علم اس رائے سے اختلاف رکھتے ہیں۔ مولانا حافظ نعیم الحق ملتانی نے، جو خود ایک اہل حدیث عالم ہیں، جمہور فقہا کی رائے کی تائید اور مخالفین کے نقطہ نظر کی تردید میں علمی مباحث کا ایک اچھا ذخیرہ زیر نظر کتاب میں جمع کر دیا ہے جو موضوع سے دلچسپی رکھنے والے حضرات کے لیے قابل مطالعہ ہے۔

۲۴۴ صفحات پر مشتمل یہ کتاب مکتبہ دار الحسنیٰ، ہمبڑیال روڈ ڈسکہ نے شائع کی ہے اور اس کی قیمت ۱۰۰ روپے ہے۔


**علما اور طلبا کے لیے خوشخبری**

شہید اسلام مولانا محمد یوسف لدھیانوی کی مایہ ناز تصنیف اور علما وطلبہ کے لیے گراں قدر علمی خزانہ

**آپ کے مسائل اور ان کا حل (اعلیٰ ایڈیشن)**

O مکمل ۱۰ جلد، اعلیٰ کاغذ، عمدہ طباعت O

اصلی قیمت: -/۱۶۰۰ روپے۔ محدود مدت کے لیے رعایتی سیل صرف -/۵۵۰ روپے۔

نوٹ: بیرون کراچی سے طلب کرنے والے حضرات ڈاک خرچ کی مد میں ۱۳۰ روپے مزید ارسال کریں۔

☆ مکتبہ بینات۔ علامہ بنوری ٹاؤن، کراچی۔ ۷۴۸۰۰ ☆




© rasailojaraid.com